**04.02.2025**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

Music

..........................................................................

1۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر کے خطاب سے، وکست بھارت کے عزم کو تقویت، نئی امیدیں اور عوام کو تحریک حاصل ہوئی ہے۔

2۔ لوک سبھا میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر بحث کا جواب دیتے ہوئے وزیر اعظم نے حکومت کے اُن فلاحی اقدامات کو اجاگر کیا، جن کی وجہ سے 25 کروڑ لوگ، غربت کی سطح سے اوپر آئے ہیں۔

3۔ الیکٹرانکس اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا ہے کہ ملک میں موبائل فون مینوفیکچرنگ کے شعبے میں پچھلی دہائی کے دوران، روزگار کے 12 لاکھ راست، اور بالواسطہ موقعے فراہم ہوئے ہیں۔

4۔ کل، 70 رکنی دلّی اسمبلی کیلئے ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی ہفتے کو ہوگی۔

5۔ آج کینسر کی روک تھام کا عالمی دن منایا گیا، جس کا مقصد کینسر سے متعلق بیداری میں اضافہ کرنا، اِس کی روک تھام، تشخیص اور علاج کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

6۔ اور...... قومی کھیل مقابلوں میں K-Satish Kumar اور انمول Kharb نے بیڈمنٹن کے سنگلز میں، سونے کے تمغے حاصل کیے ہیں۔

..........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

### PM Motion of Thanks

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج کہا ہے کہ اُن کی حکومت نے، غریبوں کی فلاح کیلئے بہت سے اقدام کیے ہیں، جس کے نتیجے میں 25 کروڑ لوگ، غریبی کی سطح سے اوپر آئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہ، حکومت کے عزم، خود کو وقف کر دینے اور محنت کی وجہ سے ہی ممکن ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، مالی طور پر احتیاط سے کام لینے کے ساتھ ساتھ ترقی کیلئے بھی کام کر رہی ہے۔ وزیر اعظم آج لوک سبھا میں پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کے مشترکہ اجلاس سے، صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریے کی تحریک کے بارے میں بحث کا جواب دے رہے تھے۔صدر جمہوریہ کے خطاب کی تعریف کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ خطاب، تحریک دینے والا تھا اور اِس سے، وکست بھارت کی جانب حکومت کی کوششوں کو مزید تقویت ملی ہے۔

2100- PM- Vishit Bharat

وزیر اعظم نے، غریبوں کیلئے چار کروڑ مکانات اور 12 کروڑ بیت الخلاء کی تعمیر، جل جیون مشن کے تحت پینے کے پانی کے کنکشنز کی فراہمی جیسے، حکومت کے اقدام کو اجاگر کیا، جس سے پانی سے پیدا ہونے والی بیماریاں پھیلنے میں، خاطر خواہ کمی آئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت، حکم رانی میں شفافیت لائی ہے، جس کی وجہ سے کروڑوں روپے کی بچت ہوئی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ متوسط طبقے کو، ٹیکس ترغیبات فراہم کرنے کے بھی بہت سے اقدامات کیے گئے ہیں، جس کی وجہ سے پچھلے 10 سال میں مزید بچت ہوئی ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ اِس حکومت نے نوجوانوں کیلئے کئی اقدام کیے ہیں اور بہت سی اسکیمیں شروع کی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اُن کی حکومت، بھارت میں مصنوعی ذہانت AI کے فروغ جیسے اقدامات کو ترجیح دیتی رہی ہے۔

2100- PM- Youth

وزیر اعظم نے کہا کہ NDA حکومت نے، قبائلیوں کیلئے ایک الگ وزارت تشکیل دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک، بہت تیزی سے شہر کاری کی طرف بڑھ رہا ہے اور اسمارٹ شہر ضروری ہیں۔جناب مودی نے کہا کہ حکومت، آئین کی روح کو سمجھتی ہے اور وہ اِس کے تئیں خود کو وقف کیے ہوئے ہے۔انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر اور لداخ، پچھلی سات دہائیوں سے آئینی حقوق سے محروم تھے، البتہ جموں وکشمیر سے دفعہ 370 کو ختم کرنے کے، اُن کی حکومت کے فیصلے سے، جموں وکشمیر اور لداخ کے عوام کو انصاف فراہم ہوا ہے۔ x

## RS Motion of Thanks

راجیہ سبھا میں بھی، صدر جمہوریہ کے خطاب پر، شکریے کی تحریک سے متعلق بحث مباحثہ جاری ہے۔BJP، کانگریس، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی، بیجو جنتا دل، DMK، ترنمول کانگریس اور راشٹریہ جنتا دل سے وابستہ ارکانِ پارلیمنٹ نے بحث میں حصہ لیا۔ انہوں نے بحث کے دوران مختلف معاملات پر بات کی۔ مباحثہ جاری ہے۔ x

## Vaishnaw Mobile Manufacturing

بھارت نے گذشتہ دس برس میں موبائل اور الیکٹرانک سازوسامان کی تیاری میں اہم پیشرفت کی ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر الیکٹرانک اور اطلاعاتی ٹیکنالوجی کے وزیر اشونی ویشنو نے کہا کہ 2014 میں موبائل تیار کرنے کے صرف دو یونٹ تھے اور آج ملک میں 300 سے زیادہ یونٹ ہیں۔ جناب ویشنو نے کہا کہ مالی برس 2014 میں موبائل فون مینوفیکچرنگ کا بازار 18 ہزار 900 کروڑ روپئے تھا جس میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے اور مالی سال 2024 میں یہ چار لاکھ 22 ہزار کروڑ روپئے ہوگیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ برآمدات بھی ایک لاکھ 29 ہزار کروڑ روپئے سے تجاوز کرگئی ہیں۔ وزیر موصوف نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ گذشتہ دہائی میں اِس سے 12 لاکھ براہِ راست اور بالواسطہ روزگار کے مواقع پیدا ہوئے ہیں۔x

## RS Ayush Visit

بھارت، غیر ملکی افراد کیلئے ایک سال کا آیوش ویزا جاری کر رہا ہے جس کے تحت وہ زیادہ سے زیادہ تین

مرتبہ بھارت آسکتے ہیں۔ آیوش کے وزیر مملکت پرتاپ راؤ جادھو نے آج راجیہ سبھا میں ایک تحریری جواب میں یہ اطلاع دی۔ انھوں نے کہا کہ آیوش ویزا جاری ہونے کی تاریخ سے اس میں سالانہ بنیاد پر پانچ سال تک توسیع کی جاسکتی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ ایک میڈیکل سرٹیفکیٹ یا اُن کے ملک میں تسلیم شدہ اسپتال کا مشورہ پیش کئے جانے کے بعد ایسا کیا جائے گا۔x

## Delhi Votting

دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے کل ہونے والی ووٹنگ کی سبھی تیاریاں کرلی گئی ہیں۔ 70 رکنی اسمبلی کیلئے کُل 699 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ ووٹنگ صبح 7 بجے شروع ہوگی اور شام 6 بجے تک جاری رہے گی۔ ووٹوں کی گنتی ہفتے کے روز کی جائے گی۔ عام آدمی پارٹی کے قومی کنوینر اروند کجریوال، دلّی کی وزیر اعلیٰ آتشی اور دلّی کے وزیر گوپال رائے، BJP کے وجیندر گپتا، پرویش ورما، رمیش بدھوڑی اور کیلاش گہلوت چناؤ لڑنے والے سرکردہ امیدوار ہیں۔ کانگریس نے سندیپ دکشت، ہارون یوسف اور الکا لامبا کو اپنا امیدوار بنایا ہے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ارجمند علی خان

VC Saklen Akhter

قومی راجدھانی میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کو یقینی بنانے کی خاطر وسیع تر انتظامات کئے گئے ہیں۔ 70 اسمبلی حلقوں میں کُل 13 ہزار 760 پولنگ مراکز قائم کئے گئے ہیں، جن میں سے 70 پولنگ مراکز پر پوری طرح خواتین عملہ تعینات رہے گا۔ دیگر 70 پولنگ مراکز میں ہر اسمبلی حلقے میں ایک پولنگ مرکز کی ذمہ داری دِویانگ عملہ سنبھالے گا۔ اِس چناؤ میں 783 ووٹر 100 سال سے زیادہ عمر کے ہیں۔ پولنگ مراکز پر پینے کے پانی وھیل چیئر سمیت دیگر سہولیات دستیاب رہیں گی۔دلّی سے ثقلین اختر کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ارجمند علی خان

## Delhi CM FIR

دلّی پولیس نے آج دلی کی وزیر اعلیٰ آتشی کے خلاف حکومت کے کام کاج میں رکاوٹ ڈالنے اور مثالی ضابطہ عمل کی خلاف ورزی کرنے کے مبینہ الزامات کے سلسلے میں ایک معاملہ درج کیا ہے۔ آتشی کالکاجی حلقے سے دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے عام آدمی پارٹی کی امیدوار بھی ہیں۔ اس دوران، وزیراعلیٰ آتشی نے کہا کہ انھوں نے BJP کے امیدوار رمیش بدھوڑی کے حامیوں کی جانب سے ووٹروں کو دھمکائے جانے کی اطلاع ملنے کے بعد اپنے حلقے کے جھگی جھونپڑی علاقے کا دورہ کیا تھا۔x

## Haryana Delhi Election

دلّی اسمبلی انتخابات کے پیش نظر ہریانہ سرکار نے، دلّی کے قومی راجدھانی خطے کے رجسٹرڈ ووٹروں کیلئے کل چھٹی کا اعلان کیا ہے، جس کے عوض حکومت، رقم کی ادائیگی بھی کرے گی۔ چھٹی کا مقصد سرکاری ملازمین، کار خانوں، دکانوں اور پرائیویٹ اداروں میں کام کرنے والے اُن ملازمین کو ووٹ ڈالنے میں آسانی فراہم کرنا ہے، جن کے نام ووٹر کے طور پر دلّی میں رجسٹرڈ ہیں۔ x

## EC Haryana

ہریانہ کے چناؤ کمیشن نے شہری بلدیاتی ادارے کے انتخابات کا اعلان کیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی مثالی ضابطہ عمل نافذ ہوگیا ہے۔ ووٹنگ 2 مارچ کو ہوگی۔ ریاستی انتخابی کمشنر دَھنپت پت سنگھ نے آج پنچکلہ میں اِس کا اعلان کیا۔x

## Haryana Cabinet

ہریانہ کابینہ نے، آج ہریانہ کی دیہی مشترک زمین کے ضابطوں سے متعلق قانون 1961 میں ترمیم کو منظوری دے دی ہے۔ وزیر اعلیٰ نائب سنگھ سینی کی صدر نشینی میں چنڈی گڑھ میں منعقدہ میٹنگ میں، کمیشن ایجنٹس کو Reimbursement رقم فراہم کرنے کی بھی منظوری دی گئی۔ یہ رقم اُن کو ربیع کی فصل کی خریداری کے 2024-25 کے موسم کے دوران، ماحول میں نمی کے سبب، فصلوں کا وزن کم ہوجانے کے معاوضے کے طور پر دی جائے گی۔وزیر اعلیٰ نے کہا کہ کابینہ نے ہریانہ کی جنگلاتی زندگی کے تحفظ سے متعلق ضابطے 2024 کو منظوری دی ہے۔ اِن نئے ضابطوں کے مطابق، جنگلاتی زندگی سے متعلق محکمے سے مختلف قسم کی اجازتیں لینے کے طریق کار مقرر کیے گئے ہیں۔x

## Mahakumbh PM Visit

وزیر اعظم نریندر مودی کل پریاگ راج میں مہاکنبھ میلے کا دورہ کریں گے۔ وہ سنگم پر پوتر ڈُبکی لگائیں گے۔ اور ماں گنگا کی پوجا ارچنا کریں گے۔ 13 جنوری کو پوش پورنیا کے موقع پر مہاکنبھ 2025 کا آغاز ہوا تھا اور یہ دنیا کا سب سے بڑا مذہبی اور ثقافتی اجتماع ہے جس میں دنیا بھر سے عقیدتمند شامل ہو رہے ہیں۔ 26 فروری کو مہاشیو راتری پر یہ اختتام پذیر ہوگا۔ بھارت کی روحانی اور ثقافتی وراثت کو فروغ دینے اور اُس کے تحفظ کے حکومت کے عزم سے مطابقت رکھتے ہوئے وزیر اعظم نے مذہبی مقامات پر بنیادی ڈھانچے اور سہولتوں کو فروغ دینے کی خاطر مسلسل سرگرم اقدامات کئے ہیں۔x

## Mahakumbh Yogi

اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے کہا ہے کہ مہاکنبھ میں مَونی اماوسیہ پر پیش آنے والے واقعے کی، حکومت گہرائی سے تحقیقات کرے گی اور سازش کرنے والوں کا پردہ فاش کرے گی۔ نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے جناب آدتیہ ناتھ نے کہا کہ انتظامیہ اس المناک واقعے سے فوری حرکت کرتے ہوئے نمٹ پائی۔ انھوں نے کہا کہ گذشتہ 22 روز میں 38 کروڑ عقیدتمندوں نے سنگم پر پوتر ڈُبکی لگائی ہے۔

S/B Yogi Adityanath

## Rev. World Cancer Day

آج کینسر کا عالمی دن ہے۔ 4 فروری کو منائے جانے والے کینسر کے عالمی دن کا مقصد، اِس سے متعلق

بیداری میں اضافہ کرنا اور اس کی روک تھام، اس کا پتہ لگانے اور علاج کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔
آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت میں نئی دلّی ایمس کے Oncology محکمے کے پروفیسر ڈاکٹر ایم ڈی رے نے کہا کہ کینسر ایک ٹھیک ہونے والا مرض ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ لوگوں کو مسلسل اپنی صحت پر نظر رکھنی چاہیۓ اور کینسر سے بچنے کیلئے احتیاطی اقدامات کرنے چاہئیں۔

S/B 1400 MD Roy Cancer Specialist AIIMS

## ISI Convocation Day

اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل در آمد کے سکریٹری ڈاکٹر سوربھ گرگ نے آج شواہد پر مبنی پالیسی سازی، اور 2047 تک وکست بھارت کے تصور کو حقیقی شکل دینے میں سرکاری اعداد و شمار کے رول کو اجاگر کیا۔ قومی راجدھانی میں اپنے دلّی مرکز میں اعداد و شمار کے بھارتی انسٹی ٹیوٹ ISI کے، تقسیم اسناد کے 59 ویں سالانہ جلسے کے دوران اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر گرگ نے، اعداد و شمار اور پروگرام پر عمل در آمد کی وزارت کی طرف سے کیے گئے مختلف اقدامات کو اجاگر کیا، جو اُس نے صارفین کیلئے، سہولت آمیز طریقے سے معلومات کی فراہمی میں اضافے کیلئے اور نمونے کی بنیاد پر کیے جانے والے سروے کی اصلاحات کیلئے کیے ہیں تاکہ پالیسی سازی کیلئے بروقت اور قابل اعتبار اعداد و شمار فراہم کیے جاسکیں۔ x

## Himachal Snowfall

آج ہماچل پردیش کے بالائی علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی ہے۔ ان میں روہتانگ میں اَٹل ٹنل کا شمالی حصہ بھی شامل ہے۔ Kinnaur ضلعے کے Kalpa میں برفباری اور بارش ہوئی ہے۔ دھرمشالہ اور کانگڑا میں بھی برفباری ہوئی ہے۔ مقامی محکمہ موسمیات نے کُل اُونا، بلاسپور، ہمیر پور، چنبا اور سولن میں کچھ مقامات پر گرج چمک کے ساتھ چھینٹیں پڑنے کیلئے Yellow الرٹ جاری کیا ہے۔ پولیس نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ غیرضروری طور پر سفر کرنے سے گریز کریں کیونکہ سڑکوں پر پھسلن ہے اور کم دوری تک دکھائی دے رہا ہے۔x

## J&K Snowfall

جموں وکشمیر میں میدانی علاقوں اور جنوبی کشمیر میں ہلکی برفباری سمیت بالائی علاقوں میں ہلکی سے درمیانی تازہ برفباری ہونے کا امکان ہے۔جموں کے میدانی علاقوں میں ہلکی بارش جبکہ چناب وادی میں ہلکی برفباری ہونے کی پیش گوئی ہے۔x

## Trump Tariff Delay

آج چین نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے چین کی درآمدات پر دس فیصد محصول لگائے جانے کے خلاف جوابی محصول عائد کرنے کا اعلان کیا ہے۔ چین کی کامرس کی وزارت کے ذریعے اعلان کردہ اقدامات میں

امریکہ سے درآمد ہونے والے کوئلہ اور رقیق قدرتی گیس پر 15 فیصد ٹیکس شامل ہے۔ خام تیل، زراعت میں استعمال ہونے والی مشینوں، Pickup ٹرکس اور بڑے انجن والی کاروں پر 10 فیصد محصول عائد کیا جائے گا۔ اِس کے علاوہ، چین نے امریکہ کی بڑی کمپنی گوگل پر تحقیقات شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔x

## Japan Snowfal

جاپان کے اہم جزیرے Hokkaido میں، ابھی تک کی سب سے زیادہ برفباری ہوئی ہے، جس کی وجہ سے آج گاڑیوں کی آمد و رفت میں رکاوٹ آئی اور پروازوں کو بند کرنا پڑا۔ مقامی حکام نے بتایا کہ شاہراہوں کو جزوی طور پر اور اہم سڑکوں کو بھی بند کرنا پڑا اور متاثرہ علاقوں میں ٹرین خدمات بھی معطل کی گئیں۔Hokkaido میں، اور اِس کے باہر، درجنوں پروازیں منسوخ کر دی گئیں، جس سے ہزاروں لوگ متاثر ہوئے۔ x

## UN USAID

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انٹونیو گتریس کے ترجمان Stephane Dujarric نے خبردار کیا ہے کہ USAID کو بند کرنے کے زندگی بچانے سے متعلق سرگرمیوں پر فوری اثرات ہوں گے۔ انھوں نے کہا کہ اقوام متحدہ USAID کو بند کرنے کے اثرات کے جائزے کیلئے مختلف ایجنسیوں سے رابطے میں ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے مشیر اور حکومت کی کارکردگی سے متعلق محکمے کے سربراہ ایلن مسک کی جانب سے یہ کہے جانے کے بعد یہ بیان سامنے آیا ہے کہ صدر ٹرمپ نے غیرملکی امداد سے متعلق اصل ایجنسی USAID کو بند کرنے سے اتفاق کیا ہے۔x

## Russia Belarus Missile

روس، بیلاروس میں اپنا Oreshnik میزائل نظام نصب کرے گا، جو اِن دونوں ملکوں کے درمیان طے شدہ معاہدوں کے مطابق ہے۔TASS خبر ایجنسی نے، روس کی وزارت خارجہ کے افسر Alexey Polishchuk کے حوالے سے خبر دی ہے کہ روس، بیلاروس کی راجدھانی Minsk کو، اِس نظام کے ساتھ ساتھ ضروری مدد اور مشترکہ دفاعی ٹھکانے کو تحفظ دینے کے اقدام کیلئے تیار ہے۔

جنوری کے اواخر میں بیلا روس کے صدر الیگزینڈر Lukashenko نے اعلان کیا تھا کہ روس کا Orenshnik ہائپر سونک میزائل نظام، بیلاروس آجائے گا۔یہ قدم، روس کے صدر ولادیمیر پوتن کی طرف سے حال ہی میں کیے گئے اِس اعلان کے بعد اٹھایا گیا ہے کہ روس اور یوکرین کے درمیان کوئی بھی امکانی امن معاہدہ، دونوں ملکوں کی طویل مدتی سلامتی کی ضمانت ہونی چاہیے۔ x

## Uttrakhand National Games

38 ویں قومی کھیلوں میں آج دہرادون میں بیڈمنٹن کے خواتین کے سنگلز مقابلے میں ہریانہ کی شٹلر Anmol Kharb نے اپنی شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے، جبکہ مردوں کے سنگلز مقابلہ میں تمل

ناڈو کے ستیش کمار نے سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ Kharb نے خواتین کے سنگلز مقابلے میں انویما اپادھیائے کو سیدھے Game میں 21-16، 22-20 سے ہرا دیا۔ مردوں کے سنگلز کے فائنل میں ستیش کمار نے Suryaksh Rawat کو 21-17، 21-17 سے ہرا کر مردوں کے سنگلز مقابلے میں سونے کا تمغہ اپنے نام کیا۔ وہیں مردوں کے ڈبلز میں کرناٹک Nithin HV اور Prakash Raj S نے ویبھو اور Ashith Surya کی جوڑی کو ہراکر سونے کا تمغہ جیتا ہے۔شکھا گوتم اور اشونی بھٹ نے Angel Punera اور Anya Bisht کو ہراکر خواتین کے سنگلز کا خطاب جیت لیا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆